نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت لاہور میں اہم اجلاس

پانی کے باکفایت استعمال سے متعلق جاری اسکیموں کو بروقت مکمل کیا جائے اور کھالاجات کی اصلاح وپختگی کے مقررہ اہداف ہر صورت حاصل کیے جائیں۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:05فروری2026: وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت لاہور میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمہ زراعت پنجاب کے شعبہ اصلاح آبپاشی کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، سپیشل سیکرٹری آغا نبیل اختر اور محکمہ زراعت پنجاب کے ڈائریکٹر جنرلز رانا تجمل حسین اور نوید عصمت کاہلوں نے شرکت کی۔

صوبائی وزیر زراعت کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ اب تک 181 فارمر انٹرپرائز گروپس تشکیل دیے جا چکے ہیں۔ اصلاح آبپاشی پروگرام کے تحت ویلیو ایڈیشن کے فروغ کے لیے ان فارمر انٹرپرائز گروپس کو 70 فیصد سبسڈی پر جدید مشینری فراہم کی جارہی ہے تاکہ زرعی پیداوار میں اضافہ اور کاشتکاروں کی آمدنی بہتر بنائی جاسکے۔

اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے ہدایت کی کہ پانی کے باکفایت استعمال سے متعلق جاری اسکیموں کو بروقت مکمل کیا جائے اور کھالاجات کی اصلاح وپختگی کے مقررہ اہداف ہر صورت حاصل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پانی کے ضیاع میں کمی لانے اور جدید نظام آبپاشی کو فروغ دینے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ وزیر زراعت نے مزید زور دیا کہ فارمر انٹرپرائز گروپس کو ویلیو ایڈیشن کے لیے سبسڈی پر مشینری کی فراہمی شفاف انداز میں یقینی بنائی جائے اور فیلڈ ٹیموں اور فارمر انٹرپرائز گروپس کے درمیان روابط کو مزید مضبوط بنایا جائے۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے تجویز دی کہ فارمر انٹرپرائز گروپس کا صوبائی سطح پر ایک میگا کنونشن منعقد کیا جائے، جس میں نمایاں کردار ادا کرنے والے کاشتکاروں کی شرکت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ویلیو ایڈیشن کے لیے فراہم کی جانے والی جدید مشینری کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ ناقابل برداشت ہو گا۔

☆☆☆☆